اردو لازمی پارٹ-I

نوٹ: حصہ ب اور حصہ ج کے لیے کل وقت 2 گھنٹے اور 40 منٹ ہیں۔

حصہ "ب" نمبر 50

II۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی 10 اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

i. علامہ اقبال نے کھانے پینے کے معاملے میں حضور ﷺ کی کیا سنت بیان کی ہے اور کھانے پینے کی بے احتیاطی کے معاشرے پر کیا اثرات ہیں؟

ii. شامل نصاب خطوط کی روشنی میں خطوط غالب کی خصوصیات لکھیں۔

iii. مصنف نے کن کن اطالوی کھانوں کا ذکر کیا ہے نیز پیزا کیسے تیار کیا جاتا ہے؟

iv. دارا اور سکندر کون تھے؟ نیز کس سبق میں ان دونوں کا ذکر ہے اور یہ سبق صنف کے لحاظ سے کیا ہے؟

v. محاورے کی تعریف کریں اور کوئی سے چار محاورے لکھیں۔

vi. درجہ ذیل الفاظ و محاورات کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ ان کے معنی واضح ہو جائیں۔

بے نقط سنانا، تجسس، بے ہنگم، سوانگ رچانا، کوفت ہونا

vii. شامل نصاب اقتباس کی روشنی میں داروغہ کے کردار پر ایک پیراگراف لکھیے۔

viii. نظریہ پاکستان سے کیا مراد ہے نیز نظریہ پاکستان کے مقاصد کے حصول کے لئے آپ کیا کردار ادا کر سکتے ہیں؟

ix. داغ دہلوی کی شاعری پر مختصر نوٹ لکھیں۔

x. شعر کی تعریف کریں نیز اپنی پسند کے کوئی سے تین اشعار خوش خط لکھیں۔ یاد رکھیئے یہ اشعار اسی پرچہ میں سے نقل نہ ہوں۔

xi. ہمالہ پہاڑ کی کیا خصوصیات بیان کی جاتی ہیں نیز اسکا ذکر کس نظم میں کیا گیا ہے شاعر کا نام بھی بتایئے۔

xii. نظم "پرانا کوٹ" کا مرکزی خیال پانچ جملوں میں تحریر کریں۔

xiii. شاعر نے گھر کی مفلسی کا کیا نقشہ کھینچا ہے؟ اپنے الفاظ میں ایک پیراگراف تحریر کریں۔

حصہ "ج" نمبر 30

III. متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔ 10

(الف) بڑے چچا کے ہونٹوں پر ایک مبہم سی مسکراہٹ پھیل گئی۔ ان کی آنکھیں چمک رہی تھیں۔ جمیل بھیا ہنس رہے تھے اور اماں جو بڑی دیر سے چپ بیٹھی چھالیہ کاٹ رہی تھیں، آخر بول ہی پڑیں: "پہلے آزادی تو مل جائے، پھر سب ہوتا رہے گا اور پھر یہ ہندوستانی لوگ پہلے حکومت کرنا بھی تو سیکھ لیں"۔

(ب) خارجی چیزیں اور ان سے پیدا ہونے والے ذرا ذرا سے واقعات اسکے جذبات کے ٹھہرے ہوئے سمندر میں ایک ایسی ہوا کا کام کرتے تھے۔ جس سے اس میں مد و جزر اور تلاطم کی کیفیت پیدا ہو جاتی تھی۔ جذبات کے سمندر کی ان متلاطم موجوں کو وہ الفاظ کا روپ دے [illegible] ہم ادب کے تحت شمار کرنے کے لیئے مجبور ہیں۔

IV. شاعر اور نظم کا حوالہ دے کر کسی ایک جز کی تشریح کریں۔ 10

(الف)
فکر و دانش کی ہے معراج خدا کا اقرار — اسی خلاق نے [illegible]
یہی وجدان کی آواز ہے، فطرت کی پکار — پھول [illegible] ہے [illegible]

(ب)
قتلِ عاشق کسی معشوق سے کچھ دور نہ تھا — [illegible] وہ کرتا تھا صریحاً، لیکن!
پر ترے عہد کے آگے تو یہ دستور نہ تھا — [illegible] یہ مذکور نہ تھا

V. چیئرمین بلدیہ کے نام محلہ کی صفائی کے لیئے درخواست لکھیں۔ 5

یا

VI. دو دوستوں کے درمیان [illegible] پر مکالمہ [illegible]۔

www.ilmkidunya.com